Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 10 Short Questions Preparation

Q1. خواتین کے لیے ہوم اکنامکس کی تعلیم کیسے ضروری ہے؟

Ans 1: معاشرے کی معاشی ترقی خواتین کی شرکت کے بغیر ناممکن ہے.گھریلو بجٹ،گھروں کی تزئین و آرائش،بچوں کی پرورش اور نگہداشت کے لیے خواتین تعلیم ضروری ہے اس لیے ہوم اکنامکس کی ادارے موجود ہیں.

Q2. نظریہ حیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: کسی بھی قوم کے طرز فکر،طرزعمل اور اخلاق اقدار اور روایات کے مجموعہ کو نظریہ حیات کہا جاتا ہے گویا کسی قوم کا زندگی کے بارے میں نقطہ نظر اس قوم کا نظریہ قومی حیات قرار پاتا ہے.

Q3. اسلامی نظریہ حیات سے کیامراد ہے؟

Ans 1: اسلامی نظریہ حیات کی رو سے زمین پر خدا کے حکم اور قانون کا اس طرح نفاذ کرنا ہے کہ اس میں بسنے والے پاشندے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کو اللہ کی رضا کے مطابق بسر کریں.

Q4. انسانی وحدت کا تصور مختصراَ بیان کریں.

Ans 1: تعلیم کے ذریعے بچوں کو یہ احساس دلایا جائے کہ ساری انسانیت حضرت آدم(ع) کی اولاد ہے،انسانی وحدت اور معاشرتی مساوات وردواری کی بنیاد پر معاشرے کی جا کسے،تقریری اور تحریری مقابلہ حسن قرات وغیرہ ایسی سرگرمیاں ہیں جس سے یہ مقصد حاصل کئے جا سکتے ہیں.

Q5. تعلیم کے ذریعے انسانی کردار میں پیدا ہونے والی دو تبدیلیوں کے نام لکھیں،.

Ans 1: 1.تعلیم سے رضائے الہی کا حصول پیدا ہوتا ہے. 2.تعلیم سے دین اسلام کا علم و فہم اور بصیرت حاصل ہوتی ہے.

Q6. وحی اوردیگر ذرائع علم میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: علم کے مختلف ذرائع ہیں اور ان تمام ذرائع سے کسی نہ کسی حد تک استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے.،اسلامی نقطہ نظر سے صرف ایک ذریعہ علم یعنی وحی کی صحت قطعی اور حتمی ہے،باقی تمام ذرائع کو حاصل ہونے والا علم امکانی ہے وہ غلط بھی ہو سکتا ہے اور درست بھی،حتمیت اور قطعیت صرف وحی کو حاصل ہے،ان تمام ذرائع سے حاصل کردہ علم کو وحی پر جانچا اور پر رکھا جائے گا.

Q7. پاکستان کو ایک نظریاتی مملکت کیوں کہا جاتا ہے؟

Ans 1: ہمارا ملک، پاکستان ایک عظیم تحریک کے نتیجے میں اسلامی نظریہ کی بنیاد پر ایک نظریاتی مملکت کے طور پر وجود میںآیا. برصغیر پاک و ہند میں اس نظریاتی مملکت کا وجود اس خطہ کے مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے. اس مملکت کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ یہاں قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق ایک حقیقی ، اسلامی اور فلاحی معاشرہ قائم ہو جہاں معاشرتی و انصاف،رواداری، اخوت اور مساوات کی بنیاد پر لوگ اپنی زندگی بسر کرسکیں.

Q8. تعلیم کے سیاسی فوائد سے کیا مراد ہیں؟

Ans 1: تعلیم یافتہ افراد کی سیاست میں شرکت سے سیاسی عمل میں ہمواری پیدا ہوتی ہے،سیاسی ارتقاء کے نتیجے میں مستحکم جمہوری معاشرہ تشکیل پاتا ہے،جہاں عدل و انصاف کی بنیاد پر حقوق و فرائض کی ادائیگی کا اہتمام ہوتا ہے.تعلیم سے احترام آدمیت کے جذبے کو فروغ ملتا ہے.

Q9. اخلاق حسنہ اور تزکیہ نفس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: طالب علم.اسلامی عقائد و عبادات اور فہم دین کے ساتھ ساتھ اپنی سیرت و کردار ،عادات و اطوار اور عملی زندگی ایک اسلامی ریاست کے با شعور اور با کردار مسلمان شہری کی حیثیت سے بسر کرنے کے قابل ہوں.

Q10. اللہ نے انسان کو کونسے حواس خمسہ عطا فرمائے؟

Ans 1: 1.دیکھنے کی حس 2.سننے کی حس 3.سونگھنے کی حس 4.چھونے کی حس 5.چکھنے کی حس